# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ساہیوال

نمبر 2526/ اے-ایس-آر

مورخہ 16-08-2023

منجانب: سیکرٹری

بجانب: جملہ سربراہان گورنمنٹ / الحاق شدہ، کالجز / ہائرسیکنڈری سکولز ملحقہ ساہیوال بورڈ

عنوان: **گیارہویں جماعت (فرسٹ ایئر) میں بطور ریگولر داخلہ / انرولمنٹ کرنے کا آن لائن ریوائزڈ شیڈول برائے سیشن 2023-2025ء**

جملہ متعلقین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرمین سے جاری کردہ لیٹر نمبری 789-SY/PBCC/LHR مورخہ 05-08-2023 کے مطابق بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، ساہیوال کی طرف سے میٹرک یا اس کے مساوی امتحان میں پاس طلباء / طالبات کے سرکاری اور پرائیویٹ الحاق شدہ تعلیمی ادارہ جات میں بطور ریگولر گیارہویں جماعت (فرسٹ ایئر) میں داخلہ / انرولمنٹ برائے سیشن 25-2023ء کا مندرجہ ذیل شیڈول جاری کیا جارہا ہے۔

| سیریل نمبر | شیڈول | تعلیمی اداروں میں داخلہ، داخل شدہ طلباء / طالبات کا ڈیٹا آن لائن کرنے، جمع شدہ انرولمنٹ فیس کا آن لائن اصل بنک چالان اور آن لائن انرولمنٹ ریٹرن کی مصدقہ ہارڈ کاپی بمعہ فارورڈنگ لیٹر بورڈ ہذا میں جمع کروانے کی آخری تاریخ |
|---|---|---|
| 01- | گیارہویں جماعت میں بغیر لیٹ فیس داخلہ | 12-08-2023 تا 25-09-2023 |
| 02- | 600/- روپے لیٹ فیس (بورڈ کو واجب الادا) فی طالب علم / طالبہ کے ساتھ داخلہ | 26-09-2023 تا 10-10-2023 |

**نوٹ:** مورخہ 10-10-2023 کے بعد کسی بھی ادارہ کو فریش داخلہ کی اجازت ہرگز نہیں ہوگی۔ رجسٹریشن کا ڈیٹا آن لائن کرنے کے لیے ادارہ جات سابقہ User I.D اور Password استعمال کریں۔ الحاق شدہ پرائیویٹ ادارہ جات اپنے الحاق لیٹر پر درج گروپس کے مطابق داخلے کریں۔ انرولمنٹ ریٹرن اور بنک چالان کی صرف آن لائن ہارڈ کاپی ہی قابل قبول ہوگی مینوئل انرولمنٹ ریٹرن و مینوئل بنک چالان قابل قبول نہ ہوگا۔ صرف کنفرم کیے گئے طلباء و طالبات کی انرولمنٹ ریٹرن ارسال کریں جس پر بارکوڈ اور Batch-ID درج ہو۔ انرولمنٹ فیس کی ادائیگی کے لیے چیک / ڈرافٹ کسی بھی صورت قابل قبول نہ ہوگا۔ انرولمنٹ کا ڈیٹا آن لائن کرتے وقت یا Website میں کسی بھی دشواری کی صورت میں رجسٹریشن برانچ کے فون نمبر 040-9200526 اور کمپیوٹر برانچ کے فون نمبر 040-9200523 پر رابطہ کریں۔

## انرولمنٹ فیس کی تفصیل برائے گورنمنٹ / الحاق شدہ پرائیویٹ ادارہ جات

| سیریل نمبر | فیس شیڈول | فی طالب علم / طالبہ |
|---|---|---|
| 01- | انرولمنٹ فیس | 1000/- روپے |
| 02- | پروسیسنگ فیس | 530/- روپے |
| 03- | ڈویلپمنٹ فنڈ | 300/- روپے |
| 04- | سپورٹس فیس | 200/- روپے |
| 05- | سکالرشپ فنڈ | 200/- روپے |
| | **ٹوٹل فیس** | 2230/- روپے |

## قواعد و ضوابط برائے داخلہ / انرولمنٹ ریٹرن

1)- گیارہویں جماعت میں رجسٹرڈ ہونے والے تمام مسلم طلباء / طالبات کیلئے قرآن مجید بمع ترجمہ بطور لازمی مضمون پڑھنا ضروری ہے۔ غیر مسلم اُمیدواران "ترجمہ قرآن مجید" کے متبادل "اخلاقیات (Ethics)" اور "اسلامیات لازمی" کے متبادل "مذہبی تعلیم (Religious Education)" کے مضامین پڑھیں گے۔

2)- ایسے پرائیویٹ تعلیمی ادارہ جات جنہوں نے چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) متعلقہ / ڈی پی آئی (کالجز)، لاہور سے اپنے ادارہ کی رجسٹریشن میں توسیع برائے سیشن 25-2023ء کا رجسٹریشن سرٹیفکیٹ جاری نہیں کروایا اور بورڈ سے عارضی الحاق میں توسیع کے لیے درخواست و سالانہ الحاق فیس جمع نہیں کروائی، ان ادارہ جات کو طلباء / طالبات کے داخلے و انرولمنٹ کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ بورڈ ہذا ان کے داخلوں کے بارے میں کسی صورت ذمہ دار نہ ہوگا۔

3)- داخل شدہ تمام طلباء / طالبات کا Batch ہر گروپ کے مطابق الگ الگ بنائیں۔ Batch / Entry اَن کنفرم / ختم کروانے کے لیے مبلغ 1050/- روپے فیس جمع کروا کر ادارہ کا سربراہ داخلہ / انرولمنٹ کی آخری تاریخ تک تحریری درخواست دے سکتا ہے۔ Batch وہی اَن کنفرم ہوگا جس کی انرولمنٹ فیس بنک میں جمع نہ ہوئی ہو۔ سربراہان ادارہ جات کو سختی سے ہدایت کی جاتی ہے کہ اپنے آن لائن پورٹل میں Add / Feed کیے جانے والے ایسے طلباء / طالبات جن کو کنفرم نہ کیا گیا ہو یا کنفرم کر دیا گیا ہو لیکن ان کی انرولمنٹ ریٹرن بورڈ میں جمع کروانا مقصود نہ ہو تو ایسے طلباء / طالبات کی Entry انرولمنٹ کی آخری تاریخ سے پہلے لازمی طور پر ڈیلیٹ کر دیں کیونکہ ایسے طلباء / طالبات کی Entry ڈیلیٹ نہ کرنے کی وجہ سے ان کو کسی دوسرے تعلیمی ادارہ میں داخلہ لیتے وقت دشواری اور پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

Scanned with CamScanner

4)۔ **انرولمنٹ ریٹرن میں خامیوں کی درُستی کا طریقہ کار:** (i) نامکمل اور غیر تصدیق شدہ انرولمنٹ ریٹرن قابل قبول نہ ہوگی۔
آن لائن انرولمنٹ ریٹرن میں درج تمام طلباء / طالبات کی انرولمنٹ و پروسیسنگ فیس، ڈویلپمنٹ فنڈ، سپورٹس فیس اور سکالرشپ فنڈ مبلغ-/2230 روپے فی امیدوار کے حساب سے پوری فیس بروقت بنک میں جمع نہ کروانے کی صورت میں آخری تاریخ کے بعد مبلغ-/500 روپے یومیہ فی طالب علم / طالبہ جرمانہ بھی ادا کرنا ہوگا۔

(ii) آن لائن ریٹرن کی مصدقہ ہارڈ کاپی و جمع شدہ فیس کا اصل آن لائن بنک چالان، فارورڈنگ لیٹر، ریونیو فارم اور کٹ لسٹ دفتر ہذا میں بروقت جمع نہ کروانے کی صورت میں آخری تاریخ کے بعد متعلقہ ادارہ کو یومیہ -/500 روپے فی ریٹرن غلطی جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔

(iii) آن لائن انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی کے ہر صفحہ پر سربراہ ادارہ کے دستخط و مہر ثبت نہ ہونے کی صورت میں مبلغ-/500 روپے فی صفحہ جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ نیز سربراہ ادارہ کو خود دفتر حاضر ہو کر دستخط و مہر ثبت کرنا ہوں گے اس کے لیے کسی قسم کا کوئی ٹی اے / ڈی اے ادا نہیں کیا جائے گا۔

(iv) الحاق شدہ پرائیویٹ ادارہ جات اپنے ادارہ کی انرولمنٹ ریٹرن کے ساتھ بورڈ سے الحاق کا فریش لیٹر لف کریں۔

(v) انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی پر طلباء / طالبات کے دستخط نہ ہونے کی صورت میں مبلغ-/500 روپے فی صفحہ جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔

(vi) طلباء / طالبات کی آن لائن انرولمنٹ میں تصاویر Vertical اَپ لوڈ نہ ہونے کی صورت میں-/500 روپے فی صفحہ جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔

(vii) Not Valid for the Board والی انرولمنٹ ریٹرن ہرگز قبول نہ ہوگی۔ مذکورہ انرولمنٹ ریٹرن بھجوانے کی صورت میں-/500 روپے فی صفحہ جرمانہ ادا کرنا ہوگا اور دوبارہ سے بارکوڈ والی انرولمنٹ ریٹرن لازمی مہیا کرنا ہوگی۔

(viii) انرولمنٹ ریٹرن کا مدہم اور غیر واضح پرنٹ ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا۔ انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی غیر واضح ہونے کی صورت میں مبلغ-/500 روپے فی صفحہ جرمانہ ادا کرنا ہوگا اور دوبارہ سے واضح انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی بھی لازمی مہیا کرنا ہوگی۔

5)۔ طلباء / طالبات کے کوائف (نام، ولدیت کے ہجے اور تاریخ پیدائش وغیرہ) آن لائن کرتے ہوئے میٹرک کے رزلٹ کارڈ / سند کے مطابق فیڈ کریں۔ خاص طور پر مضامین / گروپ فیڈ کرتے وقت اس بات کی تسلی کر لیں کہ مذکورہ طالب علم / طالبہ فیڈ کردہ مضامین / گروپ ہی پڑھ رہا ہے۔ انرولمنٹ ریٹرن پر درج شدہ کوائف / مضامین ہی داخلہ فارم / رول نمبر سلپ پر درج ہوں گے۔ سربراہان ادارہ جات کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ آن لائن انرولمنٹ ریٹرن کی تصدیق شدہ ہارڈ کاپی ارسال کرنے سے پہلے طلباء / طالبات کو چیک کروا کر انرولمنٹ ریٹرن پر ان کے دستخط کروالیں کہ طلباء / طالبات کے تمام کوائف خاص طور پر تصویر، مضامین / گروپ درست فیڈ ہوئے ہیں۔ انرولمنٹ ریٹرن میں کسی بھی غلطی کی صورت میں اس کی تمام تر ذمہ داری سربراہ ادارہ پر عائد ہوگی۔ انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی پر از خود / مینوئل درُستی / تبدیلی کرنے کی اجازت نہ ہے۔ کسی بھی تبدیلی / درُستی کے لیے مجوزہ فیس و درخواست فارم جمع کروانے کے بعد قواعد کے مطابق درُستی ہوگی۔

6)۔ **انرولمنٹ ریٹرن میں کوائف کی درُستی کا طریقہ کار:** (i) آن لائن انرولمنٹ ریٹرن میں امیدوار کے کوائف (تصویر، مضامین، این او سی سیریل نمبر کے علاوہ) درست کروانے کی فیس مبلغ-/500 روپے فی غلطی ہے۔ اس کے لیے مجوزہ آن لائن درُستی درخواست فارم اپنے ادارہ کے LOGIN کے ذریعے پُر کرنے کے بعد ڈاؤن لوڈ کر کے اس پر درج ہدایات کے مطابق انرولمنٹ ریٹرن جمع ہونے کے بعد 30 یوم تک بورڈ ہذا میں جمع کروائیں۔ اس کے بعد گیارہویں جماعت کا رزلٹ شائع ہونے سے ایک یوم قبل تک مبلغ-/1050 روپے فی غلطی فیس ادا کرنا ہوگی۔ اس کے بعد انرولمنٹ ریٹرن میں درُستی کی اجازت ہرگز نہیں ہوگی۔

(ii) **غلط تصویر کی درُستی:** گیارہویں جماعت کا امتحان شروع ہونے سے ایک یوم قبل تک بورڈ کی ویب سائٹ کے ذریعے اپنے متعلقہ ادارہ کے آن لائن پورٹل سے LOGIN ہونے اور مجوزہ آن لائن درُستی درخواست فارم پُر کر کے فارم کی ہارڈ کاپی، درُستی فیس فی اُمیدوار مبلغ-/1050 روپے فیس کا اصل بنک چالان، ہمراہ (02) عدد تازہ ترین تصاویر پچھلی طرف سے تصدیق شدہ فراہم کر کے درُستی کروائی جا سکتی ہے۔ گیارہویں جماعت کا امتحان شروع ہونے کے بعد تصویر درُستی انٹر برانچ کرے گی جبکہ گیارہویں جماعت کا رزلٹ شائع ہونے کے بعد تصویر کی درُستی ڈسپلن برانچ کرے گی۔

7)۔ کوئی ادارہ کسی دوسرے غیر الحاق شدہ ادارہ کے طلباء و طالبات کی غیر قانونی انرولمنٹ / داخلہ کرنے کا مجاز نہیں۔ عدم تعمیل کی صورت میں ایسے ادارہ کا بورڈ سے الحاق منسوخ کر دیا جائے گا۔

8)۔ ایسے طلباء و طالبات جو کسی دوسرے کالج میں مائیگریشن کروانا چاہتے ہوں ان کا فارم برائے تبدیلی کالج سربراہ ادارہ انرولمنٹ ریٹرن دفتر ہذا میں جمع کروانے کے 30 ایام کے بعد شعبہ سہولت مرکز کو ارسال کرے۔ ایک ہی شہر / تحصیل میں واقع کالجز میں تبدیلی (Migration) کی اجازت نہیں ہے۔ امتحانی داخلہ کی ڈبل فیس کی آخری تاریخ کے بعد مائیگریشن کی اجازت ہرگز نہیں ہوگی۔

9)۔ کسی بھی ادارہ کی طرف سے کی گئی انرولمنٹ کی غلط آن لائن Entry ڈیلیٹ کروانے کے لیے مبلغ-/1050 روپے فیس کی ادائیگی اور بیانِ حلفی تصدیق شدہ مجسٹریٹ درجہ اوّل کی فراہمی پر انرولمنٹ کی آخری تاریخ تک Entry ڈیلیٹ کروائی جا سکتی ہے۔ کسی دوسرے ادارہ میں داخلہ کی صورت میں شیڈول کے مطابق دوبارہ انرولمنٹ فیس بھی ادا کرنا ہوگی۔ انرولمنٹ ریٹرن کی آخری تاریخ کے بعد تعلیمی ادارہ تبدیل کرنے کے لیے باقاعدہ مائیگریشن کا طریقہ کار اختیار کرنا ہوگا۔

Scanned with CamScanner

10)۔ **گیارھویں جماعت میں دوبارہ داخلہ (Re-Admission)**: بورڈ کے 50 ویں اجلاس مورخہ 17-03-2023 کے فیصلہ کے مطابق گیارہویں جماعت میں ری ایڈمیشن کی مدت (01 سال) سے بڑھا کر (05 سال) کر دی گئی ہے۔ واضح رہے کہ بارہویں جماعت کا داخلہ بھیجنے والے طلباء / طالبات گیارہویں جماعت میں ری ایڈمیشن کے اہل نہ ہوں گے۔ اس سال گیارہویں جماعت (سیشن 2023-25ء) میں ساہیوال بورڈ کے بطور ریگولر انٹرمیڈیٹ پارٹ فرسٹ سالانہ امتحان **2019**ء اور اس کے بعد امتحان میں پاس / فیل / غیر حاضر ہونے یا کسی بھی الحاق شدہ تعلیمی ادارہ میں بطور ریگولر آن لائن رجسٹرڈ شدہ طلباء / طالبات کو گیارہویں جماعت کا نتیجہ شائع ہونے کے بعد فرسٹ ایئر میں (Any Combination / Group) میں **30** ایام تک ری ایڈمیشن کر سکتے ہیں (مضامین / گروپ تبدیل کرنے کی صورت میں مجوزہ فیس عائد ہوگی)۔ ری ایڈمیشن والے طلباء / طالبات کی انرولمنٹ فیس مبلغ **-/2230** روپے کی ادائیگی کرنے کے بعد اصل بنک چالان بمعہ آن لائن تصدیق شدہ انرولمنٹ ریٹرن بھی انہی 30 ایام میں بورڈ ہذا میں جمع کروانا ہوگی۔ تاخیر کی صورت میں انرولمنٹ ریٹرن قابل قبول نہ ہوگی۔ ری ایڈمیشن کی آخری تاریخ گزرنے کے بعد ری ایڈمیشن کی اجازت ہرگز نہیں ہوگی اور اس بارے کسی بھی درخواست پر غور نہیں کیا جائے گا۔ گیارہویں جماعت میں پاس امیدواران کے ری ایڈمیشن کی صورت میں ان کا گیارہویں جماعت کا سابقہ رزلٹ جناب کنٹرولر امتحانات کو تحریری درخواست بمعہ اصل رزلٹ کارڈ و بیانِ حلفی تصدیق شدہ مجسٹریٹ درجہ اول دے کر منسوخ کروانے کے بعد ری ایڈمیشن کیا جا سکتا ہے۔ ری ایڈمیشن کی اجازت صرف ایک ہی بار ہوگی۔ کسی دوسرے بورڈ کے انٹر پارٹ فرسٹ **2023**ء کے امیدواران اپنے سابقہ بورڈ میں گیارہویں جماعت میں باقاعدہ ری ایڈمیشن لینے کے بعد ساہیوال بورڈ میں گیارہویں جماعت میں دوبارہ داخل ہو سکتے ہیں۔ واضح رہے کہ ری ایڈمیشن کی صورت میں کوئی امیدوار پوزیشن کے حصول کا حقدار نہ ہوگا۔

11)۔ **گیارھویں جماعت میں لیٹ ری ایڈمیشن**: بورڈ کے 38 ویں اجلاس مورخہ 10-04-2021 کے فیصلہ کے مطابق گیارہویں جماعت کے نتیجہ کی اشاعت کے **30 ایام** گزرنے کے بعد تا امتحانی داخلہ فارمز کے جاری کردہ سنگل فیس شیڈول کی آخری تاریخ تک فیس مبلغ **-/2230** روپے معہ **-/200** روپے یومیہ جرمانہ کے ساتھ گیارہویں جماعت میں ری ایڈمیشن حاصل کیا جا سکتا ہے۔

12)۔ **دورانِ سیشن دوسرے بورڈ سے آنے والے طلباء و طالبات کا داخلہ**: ایسے طلباء / طالبات جو دوسرے بورڈ میں پارٹ فرسٹ یا پارٹ سیکنڈ میں زیر تعلیم ہوں وہ اپنے متعلقہ بورڈ سے این او سی کی بنیاد پر سابقہ ادارہ کی تاریخ خارجہ سے **45** ایام کے اندر رجسٹریشن فیس مبلغ **-/2230** روپے کی ادائیگی کر کے داخلہ لے سکتے ہیں۔ اس کے بعد داخلہ کی اجازت ہرگز نہ ہوگی۔ ایسے طلباء و طالبات کی مینوئل انرولمنٹ ریٹرن بمعہ اصل **NOC**، کالج چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ، پارٹ فرسٹ کا رزلٹ کارڈ، میٹرک کا رزلٹ کارڈ / سند کی مصدقہ فوٹو کاپیاں، جمع شدہ فیس کا اصل بنک چالان اور سربراہ ادارہ کا فارورڈنگ لیٹر انہی **45** ایام کے اندر دفتر ہذا میں جمع کروانا ہوگی۔ تاخیر کی صورت میں لیٹ ریٹرن جرمانہ مبلغ **-/500** روپے فی یومیہ ادا کرنا ہوگا۔ نیز ایسے طلباء / طالبات کی انرولمنٹ دوسرے ریگولر طلباء و طالبات کے ساتھ نہ بھیجی جائے بلکہ علیحدہ ہی بھیجی جائے۔ واضح رہے کہ امتحانی داخلہ شیڈول کی تین گنا فیس کی آخری تاریخ کے بعد این او سی / مائیگریشن کی بنیاد پر داخلہ کی اجازت ہرگز نہ ہوگی اور نہ ہی ان کی رجسٹریشن قابل قبول ہوگی۔ بیرون ممالک سے آنے والے اُمیدواران اپنے کوائف / دستاویزات پاکستانی سفارتخانہ / منسٹری آف ایجوکیشن سے تصدیق کروائیں۔

13)۔ **دوسرے بورڈ سے میٹرک پاس طلباء و طالبات کا فریش داخلہ**: سربراہان ادارہ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ کسی دوسرے بورڈ سے میٹرک پاس طلباء و طالبات کو داخل کرتے وقت شیڈول کی شق نمبر **12** کا خیال کریں اور ان کے متعلقہ بورڈ کا اصل این او سی حاصل کرنے کے بعد اپنے ادارہ میں داخل کریں۔ ان کے انرولمنٹ کا ڈیٹا آن لائن کرتے وقت این او سی کا سیریل نمبر لازمی فیڈ کریں اور انرولمنٹ ریٹرن کے ہمراہ ان کے میٹرک پاس کے رزلٹ کارڈز کی مصدقہ فوٹو کاپی اور اصل این او سی ضرور لف کریں۔ این او سی کا سیریل نمبر غلط فیڈ کرنے کی صورت میں مبلغ **-/2000** روپے فی طالب علم / طالبہ جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔

14)۔ ایسے طلباء / طالبات جنہوں نے جی سی ای **(O-Level)** کا امتحان پاس کیا ہو سربراہ ادارہ ایسے طلباء / طالبات کی آن لائن انرولمنٹ ریٹرن کے ساتھ انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئرمین، اسلام آباد کی طرف سے جاری کردہ مساوی سرٹیفکیٹ **(Equivalence Certificate)** اور مارکس شیٹ کی مصدقہ کاپیاں ارسال کریں۔ ایسے طلباء / طالبات جو موجودہ سال اکتوبر / نومبر **2023**ء میں جی سی ای **(O-Level)** پاس کریں گے حکومت پنجاب کے لیٹر نمبر **SO(A-I)SA7-3/96** مورخہ **08/11/1997** کے تحت اس سال گیارہویں جماعت میں داخلہ لینے کے اہل نہیں ہوں گے۔

15)۔ **سیشن گیپ رجسٹریشن**: حکومت پنجاب داخلہ کی پالیسی کے نوٹیفکیشن **NO.S.O(C.A)1-28/2015** مورخہ **20-07-2016** کے مطابق سابقہ پانچ سال / سیشن کے میٹرک پاس طلباء / طالبات کو گیارہویں جماعت میں داخلہ دیا جا سکتا ہے بشرطیکہ ان امیدواران نے میٹرک پاس کرنے کے بعد کسی بھی گورنمنٹ / پرائیویٹ ادارہ میں داخلہ نہ لیا ہو اور نہ ہی انٹرمیڈیٹ کے امتحان میں شرکت کی ہو۔ سربراہ ادارہ ان امیدواران کے لیے کالج کونسل کی سفارشات بمعہ امیدواران کی طرف سے مہیا کردہ بیانِ حلفی تصدیق شدہ مجسٹریٹ درجہ اول اس امر کا کہ انہوں نے گیپ کے عرصہ میں کسی بھی ادارہ میں گیارہویں جماعت میں داخلہ و کسی بھی دوسرے بورڈ میں انٹرمیڈیٹ کا امتحان نہیں دیا ہے، آن لائن انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی کے ساتھ ضرور ارسال کریں۔ **5** سال سے زائد عرصہ کے میٹرک پاس طلباء / طالبات داخلہ لینے کے اہل نہ ہوں گے۔ **(میٹرک سالانہ امتحان 2019ء سے قبل پاس شدہ طلباء / طالبات انرولمنٹ کے اہل نہ ہیں)**

Scanned with CamScanner

16)۔ **مضامین / گروپ کی تبدیلی کا طریقہ کار:** داخل شدہ طلباء وطالبات اپنے ادارہ کے سربراہ کی وساطت سے انرولمنٹ ریٹرن شیڈول کے مطابق جمع ہونے کے بعد 30 ایام کے اندر فی مضمون مبلغ -/2400 روپے جبکہ پورے گروپ کی تبدیلی کیلئے مبلغ -/2200 روپے بورڈ کے اکاؤنٹ میں جمع کروانے کے بعد مضامین / گروپ تبدیل کرواسکتے ہیں۔ اس کے بعد مضمون / گروپ تبدیلی کی اجازت ہرگز نہیں ہوگی۔ مضامین / گروپ تبدیلی کے لیے بورڈ کی ویب سائٹ سے متعلقہ ادارہ کے LOGIN اور Password کے ذریعہ مجوزہ درستی درخواست فارم ڈاؤن لوڈ کرکے اس پر درج ہدایات کے مطابق ارسال کریں۔ واضح رہے کہ آن لائن درخواست فارم کے ہمراہ آن لائن انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی ضرور لف کریں۔

17)۔ **مضامین / گروپ کی درستی:** انرولمنٹ ریٹرن جمع ہونے کے 30 یوم کے بعد اور امتحان کے آغاز سے ایک یوم قبل تک -/2400 روپے فی مضمون اور -/2200 روپے گروپ درستی فیس فی امیدوار کے علاوہ مبلغ -/2000 روپے فی طالب علم / طالبہ جرمانہ بھی ادا کرنا ہوگا۔ مضامین / گروپ کی درستی کے لیے متعلقہ ادارہ کا ریکارڈ دفتر ہذا کو ملاحظہ کرانا ہوگا اور مصدقہ کاپی کیس کے ساتھ لف کرنا ہوگی۔ نیز سربراہ ادارہ کو اس بابت تحریری سرٹیفکیٹ بھی دینا ہوگا کہ پیش نظر کیس میں طالب علم / طالبہ ادارہ میں سال بھر مطلوبہ مضمون / مضامین ہی پڑھتا رہا ہے تاہم کلیریکل غلطی کی وجہ سے انرولمنٹ ریٹرن میں غلط مضمون / مضامین کا اندراج ہو گیا تھا۔ واضح رہے کہ مضمون / گروپ کی درستی کے لیے مجوزہ درستی درخواست فارم ہی ارسال کریں۔

18)۔ **پریکٹیکل والے ایڈیشنل مضمون / مضامین کی انرولمنٹ:** پریکٹیکل والے ایڈیشنل مضمون / مضامین میں انرولمنٹ / داخلہ مذکورہ بالا شیڈول کے مطابق ہوگا۔ الحاق شدہ تعلیمی ادارہ جات کے سربراہان ایسے اُمیدواران کی انرولمنٹ / داخلہ کرتے وقت درج ذیل ہدایات کو مدنظر رکھیں:

(i) انٹرمیڈیٹ کے پریکٹیکل والے ایڈیشنل مضمون / مضامین کا امتحان دینے کے لیے اُمیدواران کو پارٹ فرسٹ اور پارٹ سیکنڈ دونوں کا پیپر دینا ہوگا۔

(ii) الحاق شدہ تعلیمی ادارہ جات پریکٹیکل والے ایڈیشنل مضمون / مضامین کا امتحان دینے والے اُمیدواران کی تصدیق شدہ مینوئل انرولمنٹ ریٹرن بمعہ انرولمنٹ فیس مبلغ -/2230 روپے کا اصل بنک چالان اور مکمل کوائف / دستاویزات شیڈول کے مطابق ارسال کریں گے۔

(iii) وہ اُمیدواران جنہوں نے انٹرمیڈیٹ کا امتحان کم از کم ایک سال قبل پاس کیا ہو اور کسی بھی ہائر ایجوکیشن میں داخلہ نہ لیا ہو وہ پریکٹیکل والے ایڈیشنل مضمون / مضامین دینے کے اہل ہیں نیز ہائر ایجوکیشن میں داخلہ نہ لینے کے بارے میں اُمیدواران درجہ اوّل مجسٹریٹ سے تصدیق شدہ اصل بیانِ حلفی فراہم کریں گے۔

(iv) وہ اُمیدواران جنہوں نے انٹرمیڈیٹ کا امتحان پاس کرنے کے بعد NOC لے لیا ہو وہ ایڈیشنل مضمون / مضامین کا امتحان دینے کے اہل نہ ہوں گے۔

19)۔ جملہ امتحانات کے لیے سرکاری/پرائیویٹ الحاق شدہ ادارہ جات اپنے ادارہ کی بلڈنگ / فرنیچر اور لیبارٹریز برائے پریکٹیکل فراہم کرنے کے پابند ہوں گے نیز انرولمنٹ کرتے وقت تمام گورنمنٹ ادارہ جات امتحانی ڈیوٹی کے لیے ہر 40 طلباء/طالبات پر اپنے جملہ سٹاف میں سے ایک ٹیچر (AP/Lect.) کو پابند کریں اور اس کا مکمل ڈیٹا بمعہ موبائل نمبر، تعلیمی قابلیت/عہدہ/CNIC نمبر آن لائن کرنے کے بعد اس کی ہارڈ کاپی بذریعہ ڈاک یا دستی ون وِنڈو سیل میں لازمی جمع کروائیں۔ عدم تعمیل کی صورت میں سربراہ ادارہ ذمہ دار ہوگا۔

**نوٹ:** ہر قسم کی درستی / تبدیلی کے لیے مجوزہ درستی درخواست فارمز بورڈ ہذا کی Website پر تمام ادارہ جات کے LOGIN میں موجود ہیں۔ تمام ادارہ جات بورڈ دفتر کی طرف سے جاری کردہ LOGIN اور Password کے ذریعے LOGIN ہو کر متعلقہ درستی درخواست فارم پر کرنے کے بعد ڈاؤن لوڈ کرکے اس پر درج ہدایات کے مطابق درستی / تبدیلی کے لیے رجسٹریشن برانچ میں ارسال کریں۔ مینوئل درخواست قابل قبول نہ ہوگی۔ شیڈول سے متعلقہ ہر قسم کی ممکنہ اَپ ڈیٹس بورڈ کی Website پر دے دی جاتی ہیں لہٰذا اَپ ڈیٹس سے باخبر رہنے کے لیے بورڈ کی ویب سائٹ وزٹ کرتے رہیں۔

بورڈ اجلاس مورخہ 07-08-2020 کے فیصلہ کے تحت درستی نام، ولدیت میں "MUHAMMAD" کے سپیلنگ کی درستی فیس معاف ہے۔

(ڈاکٹر رابعہ اختر)
سیکرٹری

کاپی برائے اطلاع:-

-1 جملہ سیکرٹریز، پنجاب بورڈز بشمول میر پور (آزاد جموں وکشمیر بورڈ)
-2 جناب چیف ایگزیکٹو آفیسرز (ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی) ساہیوال، پاکپتن، اوکاڑہ
-3 جناب ڈائریکٹر محکمہ تعلقات عامہ، ساہیوال (25 کاپیاں برائے اشاعت قومی ومقامی اخبارات)
-4 پی-ایس برائے چیئرمین
-5 پی-اے برائے سیکرٹری
-6 پی-اے برائے کنٹرولر امتحانات
-7 ڈائریکٹر آف ایجوکیشن (کالجز) ساہیوال ڈویژن، ساہیوال
-8 جملہ آفیسران بورڈ ہذا
-9 سسٹم اینالسٹ (برائے ویب سائٹ)

Scanned with CamScanner